# 09-05-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ ریاست کے شہروں اور ٹاؤنس میں بڑھتی ہوئی آبادی کے تناسب سے بنیادی ڈھانچہ کو ترقی دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ان کی حکومت ہندو اور مسلمانوں کو اپنی دو آنکھوں کی طرح سمجھتی ہے اور اقلیتوں کی فلاح و بہبود کے لئے پوری طرح پرعزم ہے۔

۲۔ وزیراعظم نریندر مودی کل حیدرآباد کا دورہ کریں گے۔ اس موقع پر وہ تقریباً 8 ہزار کروڑ روپے مالیت کے مختلف ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھیں گے اور کئی مکمل شدہ پراجکٹس کا افتتاح کریں گے۔

۳۔ کے ٹی آر نے الزام لگایا ہے کہ ریاستی حکومت کسانوں سے دھان کی خریداری کے لئے تھیلوں کی فراہمی کے موقف میں بھی نہیں ہے۔

اور

۴۔ مردم شماری کے سلسلہ میں شعور بیدار کرنے کیلئے آج ریاست بھر میں بیداری ریالیاں نکالی گئیں۔

MEDIGADDA-HARISH RAO

سابق وزیر ہریش راؤ نے الزام لگایا ہے کہ ریاستی حکومت میڈی گڈہ کے تین ستونوں کی مرمت کرنے سے اس لئے ڈر رہی ہے کہ کہیں اس کا سہرا سابق چیف منسٹر کے چندر شیکھر راؤ کو نہ مل جائے اور اسی خوف کے باعث حکومت تمڈی ہٹی کی تعمیر کے نام پر ایک نئے دھوکہ کا کھیل کھیل رہی ہے۔ سدی پیٹ میں میڈیا کے نمائندوں سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ریونت ریڈی، وزراء اتم کمار ریڈی، جو پلی کرشنا راؤ اور وویک وینکٹ سوامی تمڈی ہٹی کے معاملہ پر لاعلمی میں باتیں کر رہے ہیں۔ انہوں نے طنز کرتے ہوئے کہا کہ چیف منسٹر ریونت ریڈی ایلم پلی کو پانی لانے کی بات

کرر ہے ہیں جبکہ جو پلی تمڈی ہٹی سے گریویٹی کے ذریعہ اوراتم کمار ریڈی سندیلا کو پانی لانے کے دعوے کرر ہے ہیں۔ ہریش راؤ نے وزیر وویک وینکٹ سوامی کے اس بیان کو سراسر حقیقت کے منافی قرار دیا کہ متحدہ ریاست کے چیف منسٹر کرن کمار ریڈی کے دور میں ہی مہاراشٹر حکومت نے 150 میٹر کی اونچائی کے لیے اجازت دے دی تھی۔

DESK

REVANTH REDDY

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے واضح کیا ہے کہ ان کی حکومت ہندو اور مسلمانوں کو اپنی دو آنکھوں کے مانند تصور کرتی ہے اور اقلیتوں کی بہبود کے لئے پوری طرح پرعزم ہے۔ حیدرآباد کے نامپلی حج ہاؤس سے عازمین حج کی بسوں کو روانہ کرنے کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے اعلان کیا کہ عازمین حج کے ہوائی جہاز کے ایندھن کے اخراجات کا بوجھ ریاستی حکومت خود برداشت کرے گی۔ انہوں نے عازمین سے ریاست کی ترقی وخوشحالی کے لیے دعا کی اپیل بھی کی۔ اس موقع پر انہوں نے بی جے پی کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ ووٹر لسٹوں کی ترامیم کے نام پر بی جے پی کی سازشوں کو ریاست میں کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ تقریب میں وزیر اقلیتی بہبود محمد اظہر الدین، رکن پارلیمنٹ اسدالدین اویسی، محمد علی شبیر، شفیع اللہ اور دیگر قائدین شریک تھے۔ قبل ازیں، محکمہ اقلیتی بہبود کے جائزہ اجلاس کے دوران چیف منسٹر نے حکام کو ہدایت دی کہ اقلیتی طلبہ کے لئے متحدہ اضلاع کے مراکز میں خصوصی ڈگری کالج قائم کئے جائیں۔ انہوں نے تاکید کی کہ ان کالجوں میں مہارتوں کی ترقی اور مصنوعی ذہانت کی تعلیم پر توجہ دی جائے تاکہ روزگار کے مواقع بڑھ سکیں۔ انہوں نے ائمہ اور موذن حضرات کے اعزازیہ کی باقاعدگی سے ادائیگی اور قبرستانوں کے لئے اراضی مختص کرنے کے احکامات جاری کئے۔ موسی ندی کو خوبصورت بنانے کے پراجکٹ کے

تحت تمام مذاہب کی عبادت گاہوں کی تعمیر کے سلسلہ سے بھی وزیر اظہر الدین اور اعلیٰ حکام کو ہدایات دی گئیں۔اس اجلاس میں اقلیتی طلبہ کے لئے مراعات اور آٹو رکشوں کی ریٹروفٹنگ جیسے کلیدی فیصلے بھی لئے گئے۔

DESK

MODI VISITS HYD

وزیراعظم نریندر مودی کل حیدرآباد کا دورہ کریں گے۔تیسری بار وزارت عظمیٰ کا عہدہ سنبھالنے کے بعد وہ پہلی مرتبہ ریاست کا دورہ کررہے ہیں۔اس سلسلہ میں ریاست کے چیف سکریٹری رام کرشنا راؤ کی قیادت میں حکام کی جانب سے سخت حفاظتی اور انتظامات کئے جارہے ہیں۔وزیراعظم اپنے اس دورہ کے دوران تقریباً 8 ہزار کروڑ روپے مالیت کے مختلف ترقیاتی کاموں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے اور افتتاح کریں گے۔ان اہم منصوبوں میں ظہیرآباد اسمارٹ سٹی،قومی شاہراہوں کے کام اور آئی او سی ٹرمینل شامل ہیں۔شام کے وقت وہ سکندرآباد پریڈ گراؤنڈ میں منعقد ہونے والے بڑے جلسہ عام سے خطاب کریں گے۔دریں اثنا، بی جے پی لیڈر راور سرپور کے ایم ایل اے ہریش بابو نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اپنے حلقہ انتخاب سے اس جلسہ عام میں شرکت کرنے والوں کی سہولت کے لئے ضلع آصف آباد کے کاغذنگر ریلوے اسٹیشن سے ایک خصوصی ٹرین کا انتظام کیا گیا ہے۔

DESK - PTC Asifabad

KTR

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے تارک راما راؤ نے ریاست کی موجودہ صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے الزام لگایا ہے کہ تلنگانہ میں کسانوں کو اپنی دھان کی فصل تولنے کے عمل کے لئے بھی رشوت دینی پڑ رہی ہے جو کہ انتہائی افسوسناک ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت مکئی کی خریداری

کے لئے تھیلے فراہم کرنے میں بھی ناکام ہو چکی ہے۔مرکزی وزیر بنڈی سنجے پر شدید نکتہ چینی کرتے ہوئے کے ٹی آر نے کہا کہ انہیں صرف فرقہ وارانہ سیاست آتی ہے اور وہ عوامی مسائل بالخصوص کسانوں کی بہبود سے پوری طرح ناواقف ہیں۔ راجنہ سرسلہ ضلع کے مختلف علاقوں میں پارٹی کارکنوں کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے اعلان کیا کہ بی آر ایس میں جلد ہی نئی کمیٹیاں تشکیل دی جائیں گی جن میں نوجوانوں کو ترجیحی بنیادوں پر مواقع فراہم کئے جائیں گے۔اس کے ساتھ ہی انہوں نے ریاست بھر میں پارٹی کی رکنیت سازی کی مہم شروع کرنے کا بھی عزم ظاہر کیا۔

PTC - Rajanna Sircilla

ASIFABAD

آصف آباد کی ضلع ایس پی نیتیکا پنت نے ایک بیان جاری کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ ضلع میں گھریلو ملازمین، باورچیوں، سیکورٹی گارڈس اور ڈرائیوروں کی تفصیلات مقامی پولیس اسٹیشن میں درج کروانا لازمی ہے۔انہوں نے مکانات اور کمرے کرائے پر دینے والے مالکان کو بھی مشورہ دیا کہ وہ کرایہ داروں کی مکمل تفصیلات پہلے ہی مقامی پولیس کو فراہم کریں اور ان کی جانچ کروائیں۔ایس پی نے بتایا کہ ملازمین کے آدھار کارڈ، موجودہ رہائشی پتہ، تصویر، موبائل نمبر اور دیگر ذاتی تفصیلات پولیس اسٹیشن میں رجسٹر کروانے سے مالکان کو حفاظتی مسائل سے تحفظ مل سکتا ہے۔انہوں نے خاص طور پر نیپال سے تعلق رکھنے والے افراد کو کام پر رکھنے سے پہلے ان کی مکمل تصدیق کرنے کی تاکید کی۔انہوں نے مزید کہا کہ مالکان اپنے گھروں میں کام کرنے والے افراد کی معلومات فراہم کر کے جرائم کی روک تھام میں پولیس کے ساتھ تعاون کریں تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے بچا جا سکے۔

PTC - Asifabad

INTER-JANGAON

ضلع کلکٹر جنگاوں سندیپ کمار جھا نے بتایا کہ رواں ماہ کی 13 سے 21 تاریخ تک منعقد ہونے والے انٹرمیڈیٹ ایڈوانسڈ سپلیمنٹری امتحانات کے لئے ضلع جنگاوں میں 12 امتحانی مراکز کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔انہوں نے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ سالِ اول کے امتحانات صبح 9 بجے سے دوپہر 12 بجے تک، جبکہ سال دوم کے امتحانات دوپہر 2:30 بجے سے شام 5:30 بجے تک منعقد ہوں گے۔ امیدواروں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ اپنے ہال ٹکٹ ویب سائٹ www.tgbie.cgg.gov.in سے ڈاؤن لوڈ کرلیں۔

PTC - Jangaon

CENSUS-LEAD

ریاست میں جاری مردم شماری کے سلسلہ میں عوام میں شعور بیدار کرنے کے لئے حکام کی جانب سے مختلف اجلاسوں اور نمائشوں کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ان پروگراموں کا مقصد شہریوں کو مردم شماری کی اہمیت سے واقف کرانا اور اس عمل میں ان کے تعاون کو یقینی بنانا ہے۔ تمام متعلقہ عہدیدار فیلڈ سطح پر جا کر عوام کو درست معلومات کی فراہمی اور اندراج کے طریقہ کار کے بارے میں بیداری فراہم کررہے ہیں۔

DESK

MAHBOOBABAD DIST

ضلع کلکٹر محبوب آباد سنیہا شبریش نے آج ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مردم شماری میں حصہ لینا ہر شہری کی ذمہ داری ہے کیونکہ اس پروگرام کے ذریعہ حکومت کو عوام کی سماجی اور اقتصادی صورتحال کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔انہوں نے وضاحت کی کہ متعلقہ عملہ گھر گھر جا کر جو

معلومات اکٹھا کرے گا اس میں مجموعی طور پر 34 سوالات شامل ہوں گے اور عوام کی جانب سے فراہم کردہ تمام معلومات کو مکمل طور پر راز میں رکھا جائے گا۔ کلکٹر نے ہدایت دی کہ اس مہم کے دوران ہر گھر کو ایک مخصوص نمبر الاٹ کیا جائے اور ہمارا ڈیٹا، ہمارا مستقبل کے تصور کے ساتھ ہر فرد اس مردم شماری میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے۔

PTC - Mahabubabad

CENSUS-RAJANNA SIRSILLA

راجنا سرسلہ ضلع مرکز کے امبیڈکر چوراہے سے بتکماں گھاٹ تک آج ایک میراتھن کا انعقاد کیا گیا جس کا افتتاح ضلع کلکٹر اور پرنسپل سنسس آفیسر گریما اگروال نے ہری جھنڈی دکھا کر کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک کی جامع اور درست منصوبہ بندی کے لئے مردم شماری کے اعداد وشمار انتہائی اہمیت کے حامل ہیں، اسی لئے تمام شہری اس عمل میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ کلکٹر نے مزید بتایا کہ اس بار پہلی مرتبہ خود شماری کا طریقہ کار متعارف کرایا گیا ہے جس کے ذریعہ خاندان کے افراد اپنی تفصیلات بشمول مذہبی معلومات خود درج کر سکتے ہیں۔ انہوں نے شہریوں کو مشورہ دیا کہ وہ اپنے موبائل نمبر کے ذریعہ ویب سائٹ http://se.census.gov.in پر لاگ ان ہو کر اپنی تفصیلات درج کریں۔ اس بیداری پروگرام کا مقصد عوام کو مردم شماری کی اہمیت سے روشناس کرانا اور شفافیت کو یقینی بنانا ہے۔

PTC - Rajanna Sircilla

ASIFABAD WORKERS DETAILS

ضلع آصف آباد کی ایس پی نتیکا پنت نے ایک بیان جاری کرتے ہوئے ضلع کے تمام مکان مالکین کو ہدایت دی ہے کہ وہ اپنے گھروں میں کام کرنے والے افراد کی تفصیلات متعلقہ مقامی پولیس

اسٹیشن میں لازمی طور پر درج کروائیں۔انہوں نے مزید کہا کہ مکانات یا کمرے کرایہ پر دینے والے افراد بھی کرایہ داروں کی مکمل تفصیلات پیشگی طور پر پولیس کوفراہم کریں اوران کی تصدیق کروائیں۔ایس پی نے واضح کیا کہ ملازمین اور کرایہ داروں کے آدھار کارڈ،موجودہ پتہ،تصویر، موبائل نمبراور دیگر ذاتی تفصیلات پولیس ریکارڈ میں درج کروانے سے مالکین مستقبل میں کسی بھی قسم کے حفاظتی مسائل یا جرائم سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔انہوں نے خاص طور پرتاکید کی کہ نیپال سے تعلق رکھنے والے افراد کو کام پر رکھنے سے پہلے ان کی مکمل تصدیق اور جانچ بھی ضرور کرلی جائے۔

PTC - Asifabad

EMPLOYEES SUSPENDED

نلگنڈہ ضلع میں پرائمری ایگریکلچرل کوآپریٹو سوسائٹیز کے تحت کام کرنے والے چار آپریٹرس کوفرائض میں لاپروائی کے الزام میں معطل کر دیا گیا ہے۔ضلع کلکٹر بی۔ چندر شیکھر نے اس سلسلہ میں احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری ہدایات کی خلاف ورزی اور دھان کی خریداری کی تفصیلات ٹیب میں بروقت درج نہ کرنے پر یہ کارروائی کی گئی ہے۔تفصیلات کے مطابق،نلگنڈہ منڈل کے پداسورارم، نارکٹ پلی منڈل کے باچاکنٹہ،تریپورارم و چنڈور زرعی سوسائٹیوں کے خریداری مراکز کے آپریٹرس نے کسانوں سے خریدے گئے دھان کے اعداد وشمار درج کرنے میں غفلت کی تھی۔اس معاملہ کی مکمل تحقیقات کے بعد کلکٹر نے چاروں آپریٹرس کوفوری طور پر معطل کرنے کا حکم دیا۔انہوں نے واضح کیا کہ کسانوں کی سہولت کے لئے جاری سرکاری کاموں میں کسی بھی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

PTC - Nalgonda

NALGONDA-HOUSE PROBLEMS

ضلع کلکٹر نلگنڈہ بی۔ چندر شیکھر نے یقین دلایا ہے کہ نلگنڈہ میونسپل کارپوریشن کے حدود میں واقع ان مکانات کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا جن کے پاس مکان نمبر یا مناسب لنک دستاویزات موجود نہیں ہیں۔ شہر کے حدود میں تقریباً 9 ہزار 645 ایسے مکانات کی نشاندہی کی گئی ہے جن کے مالکینکو قانونی دستاویزات کی عدم دستیابی کی وجہ سے مشکلات کا سامنا تھا۔ متاثرہ مالکان نے یہ مسئلہ وزراء کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی اور پی سرینواس ریڈی کے علم میں لایا تھا جس کے بعد وزراء نے حکام کو فوری کارروائی کی ہدایت دی۔ وزراء کی ہدایت پر عمل کرتے ہوئے، ضلع کلکٹر نے گزشتہ دو دنوں کے دوران حکام کے ہمراہ وڈیرہ واڑا اور آئی ٹی ٹاور کے سامنے واقع سندریہ کالونی جیسے علاقوں کا دورہ کیا۔ اس دورہ کے دوران انہوں نے زمینی سطح پر تفصیلات جمع کیں اور مکینوں سے بات چیت کی۔ کلکٹر نے واضح کیا کہ حکومت ان تمام گھروں کے ریکارڈ کو باقاعدہ بنانے اور مالکان کو مالکانہ حقوق فراہم کرنے کے لئے پرعزم ہے۔

PTC - Nalgonda

INTER EXAM

انٹرمیڈیٹ بورڈ کے سکرٹری ابھیلاشی ابھینو نے ایک اعلامیہ میں بتایا ہے کہ ریاست بھر میں انٹرمیڈیٹ کے اڈوانسڈ سپلیمنٹری امتحانات رواں ماہ کی 13 تاریخ سے 21 تاریخ تک منعقد ہوں گے۔ انہوں نے وضاحت کی کہ فرسٹ ایئر کے امتحانات صبح 9 بجے سے دوپہر 12 بجے تک جبکہ سکنڈ ایئر کے امتحانات دوپہر 2 بجے سے شام 5 بجے تک لئے جائیں گے۔ انہوں نے اطلاع دی کہ پریکٹیکل رواں ماہ کی 22 اور 25 تاریخ کو ہوں گے۔

Press Note

RAJANNA SIRCILLA

ضلع کلکٹر گریما اگروال نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی ہے کہ راجنا سرسلہ ضلع کے خریداری مراکز میں کسانوں سے حاصل کردہ ادھان وقتاً فوقتاً رائس ملوں کو منتقل کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ دھان کے وزن کے عمل کو بروقت مکمل کرنے کے لئے ضرورت کے مطابق حمالوں کا تقرر کیا جائے۔غیر موسمی بارش کے پیشِ نظر دھان کو بھیگنے سے بچانے کے لئے وافر مقدار میں تار پولین دستیاب رکھنے کی بھی ہدایت دی گئی ہے۔کلکٹر نے آج سرسلہ میونسپلٹی کے تحت رگھوڑو میں قائم دھان کے خریداری مرکز کا معائنہ کیا اور انتظامات کا جائزہ لیا۔

PTC - Rajanna Sircilla

NEW CDS

مرکزی حکومت نے لیفٹیننٹ جنرل این ایس راجہ سبرا مانی کو ہندوستان کا اگلا چیف آف ڈیفنس اسٹاف مقرر کیا ہے۔وہ موجودہ سی ڈی ایس انیل چوہان کی جگہ یہ ذمہ داری سنبھالیں گے جو 30 مئی کو ریٹائر ہونے والے ہیں۔اسی طرح وائس ایڈمرل کرشنا سوامی ناتھن رواں ماہ کی 31 تاریخ کو بحریہ کے نائب سربراہ کے طور پر چارج سنبھالیں گے۔

DESK

HOUSE TAX RAJANA SIRCILLA

راجنا سرسلہ ضلع نے مالی سال 2025-06 کے دوران 100 فیصد جائیداد ٹیکس وصول کرکے ریاست بھر میں ایک نیا ریکارڈ قائم کیا ہے۔ضلع کی تمام 260 پنچایتوں میں 7 کروڑ 96 لاکھ روپے کا نشانہ حاصل کرکے اس نے پہلا مقام حاصل کیا ہے۔پنچایت راج محکمہ کی رپورٹ کے مطابق ریاست کی تاریخ میں یہ پہلا موقع ہے کہ کسی ضلع میں مکمل طور پر ٹیکس کی وصولی کی گئی ہو۔

PTC - Rajanna Sircilla

Revanth Reddy

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ ریاست کے شہروں اور ٹاؤنس میں بڑھتی ہوئی آبادی کے تناسب سے بنیادی ڈھانچہ کو ترقی دینے کی ضرورت ہے۔ آج سکریٹریٹ میں منعقدہ پارلیمانی اسٹینڈنگ کمیٹی کے اجلاس کے دوران انہوں نے حکام کو اس سلسلہ میں ہدایات دیں۔ انہوں نے ریاست کی ہمہ جہت ترقی کے لئے 'تلنگانہ رائزنگ 2047' ماسٹر پلان کے اجراء کا تذکرہ کیا۔ چیف منسٹر نے مشورہ دیا کہ حیدرآباد کو 'سگنل فری سٹی' بنایا جائے اور انڈر پاس، سرفیس اور ایلیویٹڈ جیسے تین سطحی نظام کو متعارف کرایا جائے۔ انہوں نے بتایا کہ پارکنگ کے مسائل پر قابو پانے کے لئے ملٹی لیول پارکنگ سسٹم قائم کیا گیا ہے۔ چیف منسٹر نے مزید کہا کہ حیدرآباد میں آلودگی پر قابو پانے کے لئے اقدامات کئے جا رہے ہیں جس کے حصہ کے طور پر آر ٹی سی میں الیکٹرک بسیں متعارف کرائی جا رہی ہیں۔ اس اجلاس میں اسٹینڈنگ کمیٹی کے چیرمین ایم سری نواسلو ریڈی، چیف سکریٹری رام کرشنا راؤ اور مرکز و ریاست کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

DESK